زمرہ:	**اجتمائی تعلیمی کونسلز**	جاری کردہ	نمبر:	**D-140**
موضوع:	اجتمائی تعلیمی کونسلز کے ممبران کی نامزدگی اور انتخاب کا طریقِ کار بشمول آسامیاں پُر کرنے کے		صفحہ:	1 کا 1

تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابطہ اپنے اشاعت کی تاریخ سے کارآمد ہے اور یہ مورخہ 26 جون، 2012 کے چانسلر کے ضابطے D-140 کی تجدید کرتا ہے اور اسکی جگہ ہے۔

تبدیلیاں:

- نیویارک ریاست تعلیمی قانون کے مطابق حالیہ ترمیمات کے مطابق، لفظ "ELL والدین" کی تشریح کی ایسے بچے کے والدین کو شامل کرنے کے لیے توسیع کی گئی ہے جو یا تو فی الوقت ایک انگریزی زبان متعلمین ہے یا جو گذشتہ دو سالوں کے اندر انگریزی زبان متعلمین رہ چکا ہے۔ (صفحہ 2، حصہ II.D دیکھیں)

تلخیص

بر اجتمائی اسکولی ضلع میں ایک اجتمائی تعلیمی کونسل ("CEC") ہونا لازمی ہے جو 11 ووٹ ڈالنے والے ممبران اور ایک ووٹ نہ ڈالنے والے طالب علم ممبر پر مشتمل ہوتی ہے- ووٹ ڈالنے والے ممبران میں سے نو اس ضابطہ میں بیان کیے گئے طریقِ کار کے مطابق منتخب کیے جانے چاہیئں اور اپنے انتخاب کے وقت انکا ایسے طلبا کے والدین ہونا لازمی ہے جو اجتمائی اسکول ضلع میں موجود اسکول میں کنڈرگارٹن تا آٹھویں گریڈ میں درج ہوں- بقایا دو ووٹ دینے والے ممبران، برو صدر کے ذریعے تقرر کیے جاتے ہیں- یہ ضابطہ CEC ممبران کے لیے اہلیت کے مطلوبات اور نامزدگی اور انتخابی طریقِ کار کو تفصیل سے بیان کرتا ہے- یہ آسامیاں پُر کرنے کا طریقہ بھی فراہم کرتا ہے- ہر ایک CEC کے لیے نیویارک اجلاسِ عامہ قانون کے مطابق تمام فرائض اور ذمہ داریاں انجام دینا لازمی ہے-

I. اہلیت

A. والدین

1. ان طلبا کے والدین[1] جو اجتمائی اسکول ضلع کے دائرہ اختیار میں موجود کسی اسکول میں فی الوقت کنڈرگارٹن تا آٹھویں گریڈ میں درج ہیں، جس ضلع کی CEC میں والدین خدمات انجام دینا چاہتے ہیں، اپنے آپ کو نامزد کرنے کے اہل ہیں- اہلیت کا تعین اس تاریخ سے ہوتا ہے جن والدین CEC پر موجود آسامی کے لیے کھڑے ہونے کے لیے درخواست جمع کراتے ہیں- جو والدین درخواست دینے کے وقت اہل ہیں، اگر مناسب طور پر منتخب کیے جاتے ہیں، تو انہیں CEC پر دو مکمل سال کی معیاد کے لیے خدمات سرانجام دینے کی اجازت دی جائے گی، چاہے انکا بچہ آٹھویں گریڈ سے سند یافتہ ہوجائے اور / یا کسی ایسے اسکول میں درج نہ رہے جو والدین کی معیاد کے دوران اجتمائی اسکول ضلع کے دائرہ اختیار میں موجود نہ ہو- [2]

2. ذیل کے افراد قانوناً اہل نہیں ہیں:

a. انتخابی عوامی عہدوں یا انتخابی یا تقرر کردہ پارٹی کے عہدوں پر فائز افراد (ماسوا نمائندہ یا متبادل نمائندہ برائے قومی، ریاستی، قانونی یا دیگر پارٹی کنوینشن، یا ایک کاؤنٹی کمیٹی کا ممبر)؛

b. محکمہء تعلیم (DOE) کے موجودہ ملازمین؛

c. وہ افراد جو کسی سنگین جرم میں مجرم قرار دیے جاچکے ہیں یا اجتمائی اسکولی بورڈ، ایک CEC، یا شہرپیما کونسل سے کسی غیر قانونی فعل کے باعث ہٹائے جاچکے ہیں جسکا تعلق براہِ راست ایسے بورڈ یا کونسل میں خدمات انجام دینے سے ہے، یا کسی جرم میں مجرم قرار دیے جاچکے ہیں جسکا تعلق براہِ راست ایسے بورڈ یا کونسل میں خدمات انجام دینے سے ہے؛ اور

d. وہ افراد جو کسی اور CEC، یا دیگر شہرپیما کونسل پر ہیں-

3. اس کے علاوہ، ذیل کے افراد خدمات انجام دینے کے اہل نہیں ہیں:

a. پینل برائے تعلیمی پالیسی کے ممبران؛

b. وہ افراد جو PA/PTA، اسکول قیادتی ٹیم، ضلعی صدور کونسل، برو ہائی اسکول کونسل، یا زمرہ I کمیٹی سے کسی غیر قانونی فعل کے باعث ہٹائے جاچکے ہیں جسکا تعلق براہِ راست ایسی انجمن، ٹیم، کونسل یا کمیٹی میں خدمات انجام دینے سے ہے یا کسی جرم میں مجرم قرار دیے جاچکے ہیں جسکا تعلق براہِ راست ایسی انجمن، ٹیم، کونسل یا کمیٹی میں خدمات انجام دینے سے ہے؛ اور

---

[1] والدین کی تشریح بطور ایک والدین (بذریعہ پیدائش یا گود لینے، سوتیلے والدین یا قائم مقام والدین)، قانونی سرپرست، یا کسی بچے کے ساتھ والدینی رشتہ کا کوئی فرد کے کی جاتی ہے- کسی بچے کے ساتھ والدینی رشتے کا کوئی فرد ایسا فرد ہے جو والدین یا قانونی سرپرست کی جگہ بچے کی دیکھ بھال اور نگرانی کا براہِ راست باقاعدگی سے ذمہ دار ہے-

[2] CEC پر خدمات دینے والے تمام والدینی ممبران ایسے والدین ہوں گے جنکے بچے اجتمائی اسکول ضلع کے دائرہ اختیار میں موجود اسکول میں درج ہوں گے، یا وہ گذشتہ دو سالوں میں اجتمائی اسکول ضلع کے دائرہ اختیار میں موجود اسکول میں درج رہ چکے ہیں-

c. وہ افراد جنکا نیویارک شہر کے مفاد کا تصادم کے قانون کے تحت DOE افسر برائے ضابط اخلاق یا چانسلر کے دیگر مامور کردہ کے ساتھ مالی مفاد کے تصادم کا تعین ہوچکا ہو-

B. طلبا

ہائی اسکول کے وہ طلبا جو اپنی خدمات کے سال کے دوران سینئرز ہونگے، اور اس اجتمائی اسکولی ضلع میں رہائش پذیر ہیں جس میں خدمات انجام دیں گے، اور جو اپنے اسکول کی منتخبہ طالبانہ حکومت کا حصہ ہیں وہ اجتمائی مہتمم کے ذریعے تقرر کیے جانے کے اہل ہیں- طلبا کے لیے اس اجتمائی اسکولی ضلع میں ہائی اسکول جانا ضروری نہیں ہے جس میں وہ خدمات انجام دیں گے- اگر منتخبہ طالبانہ حکومت میں سے خدمات انجام دینے کے لیے کوئی سینئر دستیاب نہیں ہے، تو دیگر منتخبہ قیادتی عہدوں پر نافذ (مثلاً، کسی کلب کا صدر) سینئرز کو زیرِ غور لایا جاسکتا ہے-

II. والدینی نامزدگیاں

A. جو والدین CECs میں خدمات انجام دینے کے خواہاں ہیں، انہیں ایک مکمل شدہ درخواست فارم آن لائن www.nycparentleaders.org جمع کروا کر خود کو نامزد کرنا چاہیے- نامزدگان ایک سے زائد اجتمائی اور / یا شہرپیما تعلیمی کونسل کے لیے درخواست دے سکتے ہیں- تاہم متعدد درخواستوں کی اجازت ہے، نامزدگان کو ایک سے زائد کونسل میں خدمات دینے کی اجازت نہیں ہوگی- درخواست دینے کے وقت ایک سے زائد کونسل کے لیے درخواست دینے والے نامزدگان کو اپنی ترجیح کے لحاظ سے درخواست دینے والی کونسلوں کی درجہ بندی کرنی ہوگی- جن نامزدگان کو مشروط طور پر ایک سے زائد کونسل پر خدمات سرانجام دینے کے لیے منتخب کیا جاتا ہے، انکو اس کونسل پر نشست فراہم کی جائے گی جسکی انہیں نے اپنی کونسلوں کی فہرست پر سب سے اعلی درجہ بندی کی تھی جن میں انہیں مشروط طور پر چنا گیا ہو- ڈیوژن برائے اہل خانہ اور اجتمائی شمولیت (FACE) درخواست جمع کرانے کے گوشوارہ وقت یہاں دستیاب کرے گا: www.nycparentleaders.org جن والدین کے پاس انٹرنیٹ تک رسائی نہیں، وہ FACE سے ان اسکولوں اور تنظیموں کی فہرست حاصل کرنے کے لیے رابطہ کرسکتے ہیں جو انہیں انٹرنیٹ خدمت والے کمپیوٹر تک رسائی فراہم کرسکیں-

B. نامزدگان سے تقاضہ کیا جاتا ہے کہ وہ اجتمائی اسکول ضلع کے دائرہ اختیار میں موجود ہر اس اسکول کے متعلق معلومات درج کریں جہاں انکا کوئی بچہ فی الوقت درج ہو- نامزد کردہ کو ایسے ہر ایک اسکول کا نمائندہ مانا جائے گا- کسی نامزد کردہ کی ہر اس اسکول کے متعلق معلومات فراہم کرنے میں ناکامی، جسکا وہ نمائندہ ہے، چانسلر کی صوابدید کے تحت نااہلیت کا سبب ہوگی-

C. جو نامزدگان CEC پر ایک ایسی نشست پر فائز ہونے کے لیے اہل ہونا چاہتے ہیں جو قانون کے تحت ایک انفرادی تعلیمی پروگرام [3] کے بچے کے والدین کے لیے محفوظ ہے (اس دستاویز میں آئندہ "IEP والدین" کے نام سے حوالہ دیا جائے گا)، کو اپنی درخواست پر ظاہر کرنا ہوگا کہ وہ خصوصی طور پر ان حقائق کے عام ہونے کی رضامندی فراہم کرتے ہیں کہ وہ IEP والدین ہیں-

D. جو نامزدگان CEC پر ایک ایسی نشست پر فائز ہونے کے لیے اہل ہونا چاہتے ہیں جو قانون کے تحت ایسے کے والدین کے لیے محفوظ ہے جو فی الوقت ایک انگریزی زبان متعلمین[4] ہے یا گذشتہ دو سالوں میں انگریزی زبان متعلمین رہ چکا ہے (اس دستاویز میں آئندہ "ELL والدین" کے نام سے حوالہ دیا جائے گا)، کو اپنی درخواست پر ظاہر کرنا ہوگا کہ وہ خصوصی طور پر ان حقائق کے عام ہونے کی رضامندی فراہم کرتے ہیں کہ وہ ELL والدین ہیں-

E. ہر نامزد کردہ کی درخواست کے کچھ حصے (نام، وہ اسکول جہاں طالب علم درج ہے، پس منظر اور سرگرمیوں کا بیان اور ذاتی بیان) والدین اور عوام کے مشاہدے کے لیے آن لائن www.nycparentleaders.org پر دستیاب ہوں گے- IEP والدین یا ELL والدین کے طور پر ایک نامزد کردہ کی حیثیت کو اس صورت میں دستیاب کیا جائے گا اگر نامزد کردہ نے خصوصی طور پر اپنی نامزدگان کی درخواست پر یہ درج کیا ہو کہ وہ ان معلومات کے عام ہونے کی اجازت دیتے ہیں-

III. انتخاب کنندگان

چانسلر کے ضابط A-660 کے تحت، ہر CEC کے والدین ممبران کے انتخاب کنندگان اجتمائی اسکولی ضلع میں واقع ہر اسکول

[3] ایک انفرادی تعلیمی پروگرام کا بچہ ایسا طالب علم ہے جسے ایسی معذوری کا حامل سمجھا جاتا ہے جسکے لیے خاص تعلیم خدمات درکار ہیں-
[4] ایک انگریزی زبان متعلمین ایسا طالب علم ہے جو ایک دولسانی یا انگریزی بحثیت دوسری زبان پروگرام میں درج ہے-

سے تین PA/PTA افسران ہونگے (جیسے، صدر، سیکریٹری، اور خزانچی)-[5] PA/PTA کے صدور اور افسران جو انتخابی طریقِ کار میں امیدوار ہیں، وہ انتخابی طریقِ کار میں ووٹ نہیں ڈال سکتے- PA/PTA کو اس انتخابی طریقِ کار کے مقاصد کے لیے ایک ممبر کو ایسے ہر صدر یا افسر کی جگہ ووٹ دینے کے لیے منتخب کرنا ہوگا-

IV. نامزدگان کے فورم کا طریقِ کار

A. ہر اجتمائی اسکولی ضلع، ضلعی صدور کونسل، FACE کے ساتھ اشتراک سے نامزدگان کا ایک فورم بلائے گا، جس میں CEC کے نامزدگان کو انتخاب کنندگان اور دیگر والدین اور دلچسپی رکھنے والے فریقین کے سامنے تعارفی پیشکش کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا-

B. نامزدگان کا فورم نامزدگی کی درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ کے بعد منعقد ہونا چاہیے، لیکن انتخابی سال کے مئی کے مہینے کے دوسرے منگل کو منعقد ہونے والے مامور کردہ انتخاب کنندہ کے ووٹ سے قبل- صدور کونسل، نامزدگان کے فورم کے لیے DOE مقام، تاریخ اور مناسب وقت کا تعین کرے گی اور نامزدگان کے فورم کے لیے تمام درکار اجازت نامے حاصل کرے گی- FACE تمام درکار اجازت ناموں کی قیمیت اور نامزدگان کے فورم کے متعلقہ دیگر اخراجات برداشت کرے گا-

C. FACE نامزدگان کے فورم میں تقسیم کرنے کے لیے صدور کونسل کو ضلع کے مخصوص نامزدگان کے کتابچوں کی نقلیں فراہم کرے گا جن میں اس ضلع میں CEC کے لیے کھڑے ہونے والے تمام نامزدگان کے نام اور ذاتی بیانات شامل ہوں گے- FACE حسبِ ضرورت نامزدگان کے فورم کے لیے اضافی عملی اعانت فراہم کرے گا-

V. انتخابی طریقِ کار

A. والدین ممبران کا انتخاب (ووٹ ڈالنے والے)

1. انتخاب کنندگان کو ووٹ ڈالنے کے لیے www.nycparentleaders.org پر لاگ آن کرنا لازمی ہے- لاگ آن کرنے کے بعد، انتخاب کنندگان کو انکے ضلع کے CEC کے لیے تمام نامزدگان کے ناموں کے ساتھ ایک بیلیٹ فراہم کیا جائے گا- ہر ایک انتخاب کنندہ دو نامزدگان کو ووٹ ڈالیں گے- FACE انتخاب کنندگان کو بیلیٹ جمع کرانے سے متعلق مزید تفصیلی معلومات فراہم کرے گا-

2. CEC کے لیے ممبران کا انتخاب کرتے وقت، انتخاب کنندگان کو یہ یقینی بنانے کی کوشش کرنی چاہیے کہ:

a. رکنیت برادری اور طلبا کی متنوع جمعیت کے نمائندہ نمونے کی عکاسی کرتی ہو بشمول مخصوص تعلیمی ضروریات کے حامل طلبا کے؛ اور

b. ضلع میں اندراجی اعداد اور ایسے اندراج کی اسکولوں کے مابین ممکنہ عدم مساوات کو زیر غور لایا گیا ہے-

3. CEC پر ان نو والدین (ووٹ ڈالنے والے) ممبر عہدوں میں سے، کم از کم ایک عہدہ ایک انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کے والدین اور کم از کم ایک عہدہ ایک انگریزی زبان کے متعلمین (ELL) کے والدین کے ذریعے پُر کیا جانا چاہیے- بقایا سات آسامیاں بصورتِ دیگر اہل والدین کے ذریعے پُر کی جائیں گی-

4. جب بیلیٹس شمار کیے جائیں گے:

a. جن سات نامزدگان کو سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ وصول ہوں گے، انکو مشروط طور پر منتخب تصور کیا جائے گا- لیکن، کسی اسکول کا CEC میں ایک سے زیادہ والدین نمائندہ نہیں ہوسکتا، ماسوا جیسا کہ حصہ V.A.4.c میں بیان کیا گیا ہے- اگر اسی اسکول سے ایک سے زائد نامزد کردہ کو منتخب کیا جاتا ہے، تو سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ حاصل کرنے والا نامزد کردہ منتخب تصور کیا جائے گا- اس اسکول کے کم تعداد میں ووٹ والے دیگر نامزدگان کو زیر غور نہیں لایا جائے گا اور کسی ایسے اسکول سے اگلے سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ حاصل کرنے والے فرد کو مشروط طور پر منتخب تصور کیا جائے گا جسکی CEC میں پہلے سے نمائندگی نہیں ہے-

b. اگر ایک IEP اور ایک ELL والدین ان سات نامزدگان میں سے بیں جنہیں سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ

[5] معاون صدور، معاون سیکریٹری، معاون خزانچی کی صورت میں PA/PTA ایکزیکیوٹو بورڈ کے بقایا ممبران یہ تعین کریں گے کہ کونسا معاون افسر انتخاب کنندہ کے طور پر خدمات سرانجام دے گا-

حاصل ہوئے ہیں اور انہیں مشروط طور پر منتخب کیا جاتا ہے، تو CEC کی بقیہ دو آسامیوں کو پُر کرنے کے لیے دو سابقہ غیر منتخب سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ حاصل کرنے والے نامزدگان کو مشروط طور پر منتخب تصور کیا جائے گا- اگر کوئی IEP اور ELL والدین ان سات نامزدگان میں سے نہیں ہیں جنہیں سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ حاصل ہوئے ہیں اور انہیں مشروط طور پر منتخب کیا گیا تھا، تو سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ حاصل کرنے والے IEP والدین (اگر IEP نشست مشروط طور پر پُر نہیں ہوئی) اور ELL والدین (اگر ELL نشست مشروط طور پر پُر نہیں ہوئی) کو مشروط طور پر منتخب تصور کیا جائے گا- لیکن، کسی اسکول کا CEC میں ایک سے زیادہ والدین نمائندہ نہیں ہوسکتا، ماسوا جیسا کہ حصہ V.A.4.c میں بیان کیا گیا ہے- اگر کوئی IEP والدین اور / یا ELL والدین کا تعلق، سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ حاصل کرنے والے مشروط طور پر منتخب والدین کے اسکول سے ہے، تو اسی اسکول کے IEP والدین اور / یا ELL والدین کو زیر غور نہیں لایا جائے گا اور اگلے سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ حاصل کرنے والے کسی ایسے اسکول سے IEP والدین اور / یا ELL والدین کو مشروط طور پر منتخب تصور کیا جائے گا جنکی پہلے سے CEC پر نمائندگی نہ ہو- ایک نامزد کردہ جو IEP والدین اور ELL والدین دونوں ہے، یا تو IEP والدین کے لیے محفوظ کی گئی نشست یا ELL والدین کے لیے محفوظ کی گئی نشست میں سے کسی ایک کو پُر کرسکتا ہے، لیکن دونوں کو نہیں-

c. حصوں V.A.4.a اور V.A.4.b میں بیان کی گئی بندشوں کا اس صورت میں اطلاق نہیں ہوتا کہ جہاں پر بندشوں کے نفاذ کی وجہ سے نو سے کم والدین منتخب ہونگے یا کوئی بھی IEP والدین یا ELL والدین CEC پر نشست حاصل نہیں کرسکیں گے-

5. ایسی صورت میں کہ جب نامزدگان کے درمیان یا مابین ووٹوں کی تعداد برابر ہو یا جب ابتدائی طور پر نو سے کم نامزدگان منتخب ہوئے ہوں، ایک فیصلہ کُن انتخاب انجام دیا جائے گا- ایسی صورتحال میں ہر انتخاب کنندہ ایک نامزد کردہ کے لیے ووٹ دے گا-

a. جب CEC میں ایک یا زیادہ نشستوں کے لیے برابر تعداد میں ووٹ کے باعث ایک فیصلہ کُن انتخاب ضروری ہو، تو صرف وہی نامزد کردہ فیصلہ کُن انتخاب میں منتخب ہونے کے اہل ہونگے جنکے ووٹ مساوی تھے-

b. جب ایک فیصلہ کُن انتخاب ضروری ہو کیونکہ کسی IEP والدین کو کوئی بھی ووٹ حاصل نہیں ہوئے، تو صرف وہ نامزدگان جو IEP والدین ہیں، IEP نشست کے لیے فیصلہ کُن انتخاب میں منتخب کیے جانے کے اہل ہونگے- جب ایک فیصلہ کُن انتخاب ضروری ہو کیونکہ کسی ELL والدین کو کوئی بھی ووٹ حاصل نہیں ہوئے، تو صرف کو نامزدگان جو ELL والدین ہیں، ELL نشست کے لیے فیصلہ کُن انتخاب میں منتخب کیے جانے کے اہل ہونگے-

c. جب ایک فیصلہ کُن انتخاب ضروری ہو کیونکہ حصوں V.A.4.a اور V.A.4.b میں بیان کی گئی ایک ہی اسکول سے متعدد امیدواران منتخب کرنے کے خلاف بندشوں کے اطلاق کی وجہ سے ایک یا زیادہ نشستیں خالی رہ جاتی ہیں، تو وہ تمام نامزدگان جو پہلے منتخب نہیں ہوئے ہیں، اور انکے بچے کسی ایسے اسکول میں درج نہیں جسکی پہلے سے CEC پر نمائندگی کی جارہی ہو، وہ فیصلہ کُن انتخاب میں منتخب کیے جانے کے اہل ہونگے- اگر فیصلہ کُن انتخاب کا نتیجہ تمام نشستیں پُر ہونے کی شکل میں نہیں ہوتا تو حصہ V.A.5.c میں بیان کردہ استثنأ کا اطلاق ہوگا-

d. جب ایک فیصلہ کُن انتخاب ضروری ہو کیونکہ حصوں V.A.4.a اور V.A.4.b اور V.A.5.c میں بیان کی گئی وجوہات کے علاوہ کسی اور وجہ سے ایک یا زیادہ نشستیں خالی رہ جاتی ہیں، تو وہ تمام نامزدگان جو پہلے منتخب نہیں ہوئے ہیں، وہ فیصلہ کُن انتخاب میں منتخب کیے جانے کے اہل ہونگے-

e. ایسی صورتوں میں جب مذکورہ بالا حصوں V.A.5.a, V.A.5.b, V.A.5.c اور / یا V.A.5.d میں بیان کردہ تقاضوں کی تعمیل کرنے کے لیے متعدد فیصلہ کُن انتخابات درکار ہوں، تو یہ متعدد فیصلہ کُن انتخابات ایک ہی وقت پر لیکن مختلف حصوں میں منعقد ہوں گے جس میں نامزدگان کی حصوں V.A.5.a, V.A.5.b, V.A.5.c اور / یا V.A.5.d میں بیان کردہ تقاضوں کے تحت گروہ بندی کی جائے گی-

f. اگر فیصلہ کُن انتخابی کارروائی کے کا نتیجہ تمام نشستیں پُر ہونے کی شکل میں نہیں ہوتا، محکمہء تعلیم کی جانب سے انتخابی کارروائی کا انتظام کرنے والا خودمختار اہلکار مذکورہ بالا حصوں V.A.5.a, V.A.5.b,

V.A.5.c اور V.A.5.d میں اہلیت کے بارے میں بیان کردہ بندشوں کو استعمال کرتے ہوئے قرعہ اندازی کے ذریعے جیتنے والے کا تعین کرے گا- لیکن، ایسی صورت میں کہ جب نامزد کردہ ابتدائی انتخابی کارروائی میں اور فیصلہ کُن انتخاب دونوں میں کوئی ووٹ حاصل نہیں کرتا، تو کونسل میں ایک خالی آسامی کا وجود باور کیا جائے گا، جو کہ اس ضابطہ کے حصوں IX.A.2 اور IX.A.3 میں بیان کیے گئے طریقِ کار کے مطابق پُر کی جانی چاہیے-

6. اگر کوئی منتخب نامزد کردہ انتخابی طریقِ کار مکمل ہونے کے بعد لیکن انتخابی سال کے 25 جون سے قبل، غیرمستحق یا نااہل ہوجاتا ہے، تو وہ نامزد کردہ جسکو ابتدائی انتخابی کارروائی میں اگلے سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ ملے ہوں اور جو ایسے اسکول سے نہ ہو جسکی CEC میں پہلے سے نمائندگی ہے، مشروط طور پر منتخب تصور کیا جائے گا-[6] اگر غیر مستحق یا نااہل نامزد فرد وہ واحد IEP والدین ہے جو منتخب ہوا تھا، تو وہ IEP والدین جسکو ابتدائی انتخابی کارروائی میں اگلے سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ ملے ہوں اور جو ایسے اسکول سے نہ ہو جسکی CEC میں پہلے سے نمائندگی ہے، مشروط طور پر منتخب تصور کیا جائے گا- اگر غیر مستحق یا نااہل نامزد کردہ وہ واحد ELL والدین ہے جو منتخب ہوا تھا، تو وہ ELL والدین جسکو ابتدائی انتخابی کارروائی میں اگلے سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ ملے ہوں اور جو ایسے اسکول سے نہ ہو جسکی CEC میں پہلے سے نمائندگی ہے، مشروط طور پر منتخب تصور کیا جائے گا- اگر نامزدگان کو مذکورہ بالا راہِ عمل کے مطابق آگے بڑھانے کا نتیجہ برابر تعداد کے ووٹ میں ہو، تو محکمہء تعلیم کی جانب سے انتخابی کارروائی کا انتظام کرنے والا خودمختار اہلکار قرعہ اندازی کے ذریعے جیتنے والے کا انتخاب کرے گا- اگر منتخب کیے جانے کے لیے کوئی بھی اہل نامزد کردہ دستیاب نہیں رہتا، تو کونسل میں ایک خالی آسامی کا وجود باور کیا جائے گا، جو کہ اس ضابطہ کے حصوں IX.A.2 اور IX.A.3 میں بیان کیے گئے طریقِ کار کے مطابق پُر کی جانی چاہیے-

7. والدین ممبران دو سالہ معیادوں میں خدمات انجام دیتے ہیں اور معیاد کی کوئی حدود نہیں ہے-

B. برو صدر کے ذریعے تقرری

برو صدر دو ووٹ ڈالنے والے ممبران کی تقرری کرے گا-[7] ان دو ممبران کا اس ضلع کا رہائشی ہونا یا وہاں کاروبار کا مالک ہونا یا کاروبار چلانا، اور وسیع کاروباری، تجارتی، یا تعلیمی تجربہ اور علم رکھنا لازمی ہے- ایسے ممبران دو سال کی معیاد کے لیے خدمات انجام دیتے ہیں اور صرف ایک اضافی دو سالہ معیاد کے لیے دوبارہ تقرر کیے جاسکتے ہیں-[8] جو نامزدگان CEC میں برو صدر کے ذریعے تقرری کے خواہاں ہیں، انکے لیے برو صدر کے دفتر سے درخواست کا فارم حاصل کرکے مکمل شدہ درخواست کو برو صدر کے دفتر میں جمع کرانا ضروری ہوگا-

C. طالب علم ممبر کی تقرری (ووٹ نہ ڈالنے والا)

اجتمائی مہتمم کو CEC کے ووٹ نہ ڈالنے والے ممبر کے بطور خدمات انجام دینے کے لیے ایک ہائی اسکول سینئر کی تقرری کرنا ہوگی جو اجتمائی اسکولی ضلع میں رہائش پذیر ہو اور اپنے اسکول کی منتخبہ طالبانہ حکومت کا ممبر ہو- اجتمائی مہتمم کو اہل طلبا کی ایک فہرست فراہم کی جائے گی جس میں سے تقرری کی جائے گی- اگر منتخبہ طالبانہ حکومت کا کوئی سینئر خدمات انجام دینے کے لیے دستیاب نہیں ہے، تو شعبہ برائے تدریس وتعلیم، مہتمم کی یہ تعین کرنے میں مدد کرے گا کہ آیا اسی ضلع میں رہائش پذیر دیگر منتخب قیادتی عہدوں پر فائز (مثلاً، کسی کلب کا صدر) کوئی اور سینئرز دستیاب ہیں- طالب علم ممبر ایک سالہ معیاد تک خدمات انجام دیتا ہے-

VI. مطلوبہ استعداد / اہلیت کا جائزہ

نامزدگان کے مشروط انتخاب کے بعد لیکن انکے عہدہ سنبھالنے سے قبل، چانسلر یا انکے نامزد کردہ کو یہ تعین کرنا چاہیے کہ آیا نامزدگان CEC میں خدمات انجام دینے کے اہل ہیں یا نہیں- اگر چانسلر یہ تعین کرتے ہیں کہ نامزد کردہ اہل نہیں ہے، تو

---

[6] انتخابی سال کے 25 جون کے بعد پیش آنے والیے نااہلیتوں کے لیے اس ضابطہ کے حصوں IX.A.2 اور IX.A.3 میں بیان کیے گئے آسامی کے طریق کار کا اطلاق کیا جائے گا-

[7] اس ضابطے کے حصوں IX.A.2 اور IX.A.3 میں بیان کیے گئے اہلیت کے تقاضوں کا اطلاق برو صدر کے ذریعے تقرر کردہ افراد پر بھی ہوتا ہے-

[8] اگر کسی فرد کو اس ضابطے کے حصہ IX.A.4 کے تحت دو سال سے کم کی جزوی معیاد کے واسطے برو صدر کے ذریعے تقرر کی گئی آسامی کو پُر کرنے کے لیے منتخب کیا جاتا ہے، تو ایسی جزوی معیاد کو برو صدر کے ذریعے تقرر کردہ افراد کی معیاد کی حدود کے تعیں شمار نہیں کیا جائے گا، ماسوا کہ کوئی بھی ایسا فرد برو صدر کے ذریعے تقرر کی گئی آسامی کو پُر کرنے کے لیے اہل نہ ہو جس نے سابقہ طور پر دو مکمل معیاد کے مساوی وقت کی طولیت کے لیے برو صدر نامزد کردہ فرد کے طور پر خدمات سرانجام دی ہوں-

قانون کے مطابق، چانسلر کا تحریری فیصلہ جاری کیے جانے کے سات دنوں کے اندر اندر، FACE کے مرکزی دفتر میں عوامی مشاہدے کے لیے دستیاب کیا جائے گا- ایسے فیصلے میں اسکے جاری کرنے کی حقیقی اور قانونی وجہ شامل ہونی چاہیے- کوئی بھی نامزد کردہ جسکو چانسلر نااہل باور کرے، اسکی جگہ وہ نامزد کردہ لے گا جس نے اگلے سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ حاصل کیے ہونگے، بشرطیکہ نامزد کردہ کسی ایسے اسکول سے نہیں ہے جسکی پہلے ہی CEC میں نمائندگی ہے-

VII. تعینِ اوقات

CECs کا انتخاب 2011 میں مئی کے دوسرے منگل کو ہونا چاہیے اور اسکے بعد ہر دوسرے سال بعد، انتخاب کے بعد معیاد کا آغاز 1 جولائی سے- انتخابی کارروائی 90 دن کے دورانیے میں انجام دیی جانی چاہیے- اس میں اس کارروائی کی تشہیر کے لیے مقرر کیا گیا وقت، والدین کی نامزدگیاں، نامزدگان کے فورمز، اور انتخاب کنندگان کے ذریعے ووٹ شامل ہوگا- CEC کے کرداروں، افعال، اور سرگرمیوں، اور ساتھ ساتھ درخواست کی نوعیت اور انتخابی کارروائی کے متعلق عام معلومات اس تعلیمی سال میں جنوری کے اوائل میں تقسیم کی جائیں گی جس میں انتخابی کارروائی پیش آئے گی- FACE اس ضابطہ کے نفاذ کے لیے حتمی گوشواراً اوقات شائع کرے گا-

VIII. استعفے

A. والدین ممبران

والدین ممبران کے استعفے تحریری ہونے چاہیئیں اور چانسلر کے نام ہونے چاہیئیں- چانسلر ڈیوژن برائے اہل خانہ اور اجتمائی شمولیت کے افسرِ اعلٰی برائے اہل خانہ کی شمولیت کو اپنی جانب سے استعفٰی موصول کرنے کے لیے نامزد کریں گے- ایسے استعفے ڈیوژن برائے اہل خانہ اور اجتمائی شمولیت کے افسرِ اعلٰی برائے اہل خانہ کی شمولیت کے حوالے کرنے یا ساتھ فائل کرنے پر مؤثر ہونگے، ماسوا اسکے کہ ایک مستقبل کی تاریخ مخصوص کی جائے، جو استعفٰی حوالے کرنے یا فائل کرنے کی تاریخ کے بعد 30 دن سے زیادہ کی نہ ہو- استعفے واپس، منسوخ، یا ترمیم نہیں کیے جاسکتے بجز چانسلر کی اجازت کے-

B. برو صدر کا تقرر کردہ افراد

برو صدر کے تقرر کردہ افراد کے استعفے تحریری ہونے چاہیئیں، اور تقرر کرنے والے برو صدر کے نام ہونے چاہیئیں- ایسے استعفے تقرر کرنے والے برو صدر کے حوالے کرنے یا ساتھ فائل کرنے پر مؤثر ہونگے، ماسوا اسکے کہ ایک مستقبل کی تاریخ مخصوص کی جائے، جو استعفٰی حوالے یا فائل کرنے کی تاریخ کے بعد 30 دن سے زیادہ کی نہ ہو- استعفے واپس، منسوخ، یا ترمیم نہیں کیے جاسکتے بجز تقرر کرنے والے برو صدر کی اجازت کے-

C. طالب علم ممبران

طالب علم ممبر کے استعفے تحریری ہونے چاہیئیں اور تقرر کرنے والے اجتمائی مہتمم کے نام ہونے چاہیئیں- ایسے استعفے تقرر کرنے والے اجتمائی مہتمم کے حوالے کرنے یا ساتھ فائل کرنے پر مؤثر ہونگے، ماسوا اسکے کہ ایک مستقبل کی تاریخ مخصوص کی جائے، جو استعفٰی حوالے یا فائل کرنے کی تاریخ کے بعد 30 دن سے زیادہ کی نہ ہو- استعفے واپس، منسوخ، یا ترمیم نہیں کیے جاسکتے بجز تقرر کرنے والے اجتمائی مہتمم کی اجازت کے-

IX. خالی آسامیاں

A. والدین اور برو صدر کی تقرر کردہ خالی آسامیاں

1. CEC کا کوئی ممبر جو اپنے عہدے کی معیاد میں کوئی تحریری مستند جواز پیش کیے بغیر، CEC کے تین اجلاسوں میں شرکت سے انکار کرے یا نظرانداز کرے، جس کے بارے میں اسے مناسب طور پر مطلع کیا گیا ہو، اسے عہدہ چھوڑنا ہوگا-[9] ہر غیرحاضری اور فراہم کردہ تحریری جواز کو اس اجلاس کی مستند روداد میں شامل کیا جانا چاہیے- برو صدر کے تقرر کردہ فرد کی تمام غیرحاضریوں کی رپورٹ کونسل کے معاون منتظم یا صدر کے ذریعے برو صدر کو فراہم کی جانی چاہیے- تیسری بلاجواز غیرحاضری کے بعد، CEC کو ایک تقویمی اجلاس میں

[9] مندرجہ ذیل غیرحاضری کے لیے مستند وجوہات سمجھی جاتی ہیں: کسی رشتہ دار کی وفات یا رشتہ دار کے جنازے میں شرکت؛ CEC ممبر یا اہل خانہ کے فرد کی شدید بیماری یا ضرر؛ عدالت میں لازم حاضری بشمول جوری ڈیوٹی؛ فوجی خدمت؛ ملازمت سے متعلقہ مسئلہ جس کی وجہ سے CEC اجلاس میں غیرحاضری سے گریز نہ کیا جاسکے؛ اور دیگر وجوہاتی جنہیں CEC مناسب تصور کرے-

قرارداد کے ذریعے وہ نشست خالی قرار دے دینی ہوگی اور چانسلر (یا برو صدر، جیسا مناسب ہو) کو اپنے اس فعل سے مطلع کرنا چاہیے-

2. جب CEC میں کوئی والدین کی آسامی خالی ہو، تو CEC کو ختم نہ ہوئی بقایا معیاد کے واسطے اس خالی آسامی کو ایک عام اجلاس میں پُر کرنا چاہیے- والدین کی خالی آسامیوں کے لیے، اجتمائی اسکولی ضلع کی صدور کونسل اور دیگر تعلیمی گروپس کو اس آسامی کو پُر کرنے کے لیے تحریری سفارشات پیش کرنے کا موقع دینا چاہیے اور آسامی کو پُر کرنے سے قبل CEC سے مشاورت کی جانی چاہیے- جب ایک آسامی خالی ہونے کا نتیجہ یہ ہو کہ کونسل میں کم از کم ایک ممبر ایسا نہ ہو جو ELL والدین ہے اور کم از کم ایک ممبر جو IEP والدین ہے، تو CEC کو آسامی کو پُر کرنے کے لیے اسی اہلیت کے حامل والدین کو منتخب کرنا چاہیے- ایک IEP والدین یا ELL والدین کو منتخب کرنے سے قبل CEC کو شہرپیما کونسل برائے خاص تعلیم یا شہرپیما کونسل برائے انگریزی زبان کے متعلمین سے مشاورت کرنی ہوگی- CEC پر والدین کی خالی آسامی پُر کرنے میں دلچسپی رکھنے والے تمام تر افراد کے لیےدرخواست فارم مکمل کرنا لازم ہوگا- درخواست فارمز اطلاق شدہ CEC یا FACE کے ذریعے حاصل کیے جاسکتے ہیں-

3. اگر کوئی والدین کی آسامی مساوی ووٹ کے باعث اس کے اعلان کیے جانے کے 60 ایام کے اندر CEC کے ذریعے پُر نہیں کی جاتی، تو چانسلر برابری کو ختم کرنے کے لیے فیصلہ کُن ووٹ ڈالیں گے- اگر CEC آسامی کو بہ جواز دیگر 60 ایام کے اندر پُر کرنے میں ناکام رہتی ہے، تو چانسلر CEC کو تعلیمی قانون کے حصہ I-2590 کے تحت آسامی پُر کرنے کا حکم دیں گے-

4. برو صدر کے ذریعے تقرر کیے گئے عہدے کے لیے خالی آسامی کی صورت میں برو صدر ختم نہ ہوئی بقایا معیاد کے دوران خدمات سرانجام دینے کے لیے ایک ممبر کو تقرر کریں گے- جو نامزدگان برو صدر کے ذریعے تقرر کی گئی آسامی کو پُر کرنے خواہاں ہیں، انکے لیے برو صدر کے دفتر سے درخواست کا فارم حاصل کرکے مکمل شدہ درخواست کو برو صدر کے دفتر میں جمع کرانا ضروری ہوگا-

B. طالب علم کی خالی آسامیاں

طالب علم کی خالی آسامی کی صورت میں، اجتمائی مہتمم بقیہ معیاد کے دوران خدمات سرانجام دینے کے لیے اہل طلبا کی فہرست میں سے کسی اور سینئر کو تقرر کریں گے- مہتمم کو اپنی تقرری کے بارے میں FACE اور CEC کو مطلع کرنا چاہیے-

X. نالش کا طریقِ کار

اس ضابطہ کی تعمیل کے بارے میں نالشیں چانسلر کو مبینہ خلاف ورزی کے پانچ (5) دنوں کے اندر جمع کروانی چاہیئیں، اور اس میں نالش کی مخصوص وجوہات کا شامل ہونا لازمی ہے-

XI. تکنیکی معاونت

FACE اس ضابطہ میں موجود طریقِ کار کی تعمیل پر نظر رکھے گا، اور حسبِ ضرورت تکنیکی معاونت فراہم کرے گا-

ضابطے سے متعلق استفسارات ذیل کو بھجوانے چاہیئیں:

ٹیلیفون: 212-374-2323	*Division of Family and Community Engagement* N.Y.C. Department of Education 49 Chambers Street – Room 503 New York, NY 10007	**فیکس:** 212-374-0076